روزنامہ سہارا
اپنا شہر ممبئی

نجی احاطوں اور میونسپل مارکیٹوں میں ذبیحہ پر روک لگانے سے ہائیکورٹ کا انکار

67 دوکانوں اور 47 میونسپل مارکیٹ میں بی ایم سی نے دی تھی 3 دنوں تک ذبیحے کی اجازت، جیومیتری ٹرسٹ کو آخری لمحات میں کورٹ کا رخ کرنے سے گریز کی ہدایت

ممبئی: (ایجنسی) بمبئی ہائی کورٹ نے جمعرات کو برہن ممبئی میونسپل کارپوریشن (بی ایم سی) کی طرف سے 67 نجی احاطوں اور 47 میونسپل مارکیٹوں کو 17 جون کو عیدالاضحیٰ کے موقع پر جانوروں کے ذبیحے کی دی گئی اجازت پر روک لگانے سے انکار کردیا ہے۔ ہائی کورٹ کے جسٹس ایم ایس سوک اور جسٹس کمل کھاتا نے کی بنچ جیومیتری ٹرسٹ کی طرف سے دائر درخواست کی سماعت کررہی تھی۔ جیومیتری ٹرسٹ جانوروں اور ماحولیات کے تحفظ اور بہبود کے لیے کام کرتا ہے۔ ٹرسٹ کی درخواست میں 29 مئی کو بی ایم سی کے ذریعے جاری کی گئی اس اجازت کو چیلنج کیا گیا تھا جس میں عیدالاضحیٰ پر ذبیحے کی اجازت دی گئی تھی۔

ٹرسٹ نے ابتدائی طور پر 2018 میں دیونار مذبح خانے کے باہر جانوروں کو ذبح کرنے کے لیے بی ایم سی کے زیادہ دیے گئے این او سی کو چیلنج کرتے ہوئے ایک عرضی دائر کی تھی۔ اس نے یہ کہتے ہوئے اجازت کی مخالفت کی ہے کہ یہ فوڈ سیفٹی ایند اسٹینڈرڈز (فوڈ پروسیس کی اسسٹنگ اور رجسٹریشن) اور ماحولیات (تحفظ) ایکٹ کی خلاف ورزی ہے۔ درخواست گزاروں کے وکیل نے عرض کیا کہ بی ایم سی کی پالیسی عوامی مقامات بشمول بس اسٹاپ، ہوائی اڈوں وغیرہ پر ذبیحے کی اجازت نہیں دیتی ہے۔ تاہم 29 مئی کو بی ایم سی کی جانب سے جاری کردہ سرکلر مئی کی

دکانوں پر ذبیحے کی اجازت دیتا ہے۔ حالانکہ مئن شاپس اس پالیسی میں شامل نہیں ہیں۔ نیز بی ایم سی کی پالیسی کے مطابق 30 فیصل اجازت دی جانی ضروری ہے۔ لہٰذا بی ایم سی کی اجازت خود اس کی پالیسی کے برخلاف ہے۔

اس ضمن میں بی ایم سی کی جانب سے پیش ہونے والے ایڈوکیٹ مفلد ساٹھے نے استدلال کیا کہ تہواروں سے 2-3 دن پہلے ہی ایسی درخواستیں کی جاتی تھیں۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ اجازت صرف 67 نجی دکانوں اور 47 میونسپل مارکیٹوں کو دی گئی ہے اور مذکورہ اجازت صرف تین دنوں 17، 18 اور 19 جون کے لیے دی گئی ہے۔ ساٹھے نے کہا کہ اس طرح کی اجازت ماضی میں بھی دی گئی تھی۔ ایڈوکیٹ مبین سولکر نے مداخلت کاروں کی طرف سے پیش ہوتے ہوئے بتایا کہ ہر سال تہوار کے موقع پر اس طرح کی رلیف مانگی جاتی ہے۔ سولکر نے کہا کہ ذبیحہ ان کا بنیادی حق ہے اس پر درخواست گزار کے وکیل نے کہا کہ جانوروں کے بھی حقوق ہوتے ہیں۔

بنچ نے اپنے حکم میں کہا کہ ہائی کورٹ کے سابقہ احکامات نے نوٹ کیا تھا کہ اگر پالیسی کی کوئی خلاف ورزی ہوتی ہے تو شکایت درج کرانے کا طریقہ کار موجود ہے، آخری لمحات میں کورٹ کا رخ نہیں کرنا چاہیے۔ عبوری رلیف کے لیے زبانی درخواست پر غور نہیں کیا جاسکتا ہے۔ سرکلر میں ترمیم اور چیلنج کیے بغیر عبوری رلیف کے لیے دباؤ ڈالنا مناسب نہیں ہوگا۔ ہائی کورٹ کی بنچ نے نوٹ کیا کہ درخواست گزار نے 29 مئی کے بی ایم سی کے سرکلر کو چیلنج کرنے کی درخواست میں کوئی ترمیم نہیں کی ہے جو بہتر ہوتی۔ رلیف کے لیے معاون ہوتے ہیں، درخواست کو من وعن پیش کردیا گیا ہے۔ کورٹ نے کہا کہ مندرجہ بالا وجوہات کی بنا پر ہم کسی بھی عبوری رلیف کو مسترد کرتے ہیں۔

ایم این ایس کی 250 سیٹوں پر الیکشن لڑنے کی تیاری

ممبئی: (ایجنسی) مہاراشٹر نونرمان سینا (ایم این ایس) کے سربراہ راج ٹھاکرے نے اپنے کارکنان کو مہاراشٹر کی 288 میں سے تقریباً 250 اسمبلی سیٹوں پر الیکشن لڑنے کے لیے تیار رہنے کی تاکید کی ہے۔ ایم این ایس لیڈر بالا نندگاؤنکر نے یہ دعویٰ کیا ہے۔ نندگاؤنکر جمعرات کو روز ممبئی میں ایم این ایس کارکنان کی ایک میٹنگ سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ کارکنان 225 سے 250 سیٹوں پر مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہیں۔ مہایوتی کے ساتھ اتحاد کے تعلق سے پوچھے گئے سوال پر بالا نندگاؤنکر نے کہا کہ ہم ابھی کوئی بات چیت نہیں کررہے ہیں۔ ہم ماضی میں بھی اپنے دم پر الیکشن لڑ چکے ہیں۔ مستقبل میں کیا ہوگا ہم دیکھیں گے۔ تاہم ابھی ہمیں انتخابات کی تیاری کرنی ہے۔ واضح ہو کہ حالیہ لوک سبھا انتخابات میں ایم این ایس نے این ڈی اے حمایت دی تھی، تاہم اپنا کوئی امیدوار انتخابی میدان میں نہیں اتارا تھا۔ اسمبلی انتخابات کے تعلق سے راج ٹھاکرے کے موقف نے مہایوتی کی پارٹیوں کو شوش میں مبتلا کردیا ہے۔

ایم ایل سی الیکشن میں 3 پر اُدھو شیوسینا اور ایک سیٹ پر کانگریس کا اُمیدوار

ممبئی: (ایجنسی) مہاراشٹر قانون ساز کونسل کی 4 سیٹوں پر 26 جون کو ہونے والے انتخابات کے تعلق سے ایم وی اے کی پارٹیوں شیوسینا (یو بی ٹی) اور کانگریس کے درمیان تنازع ختم ہوگیا ہے۔ نئے معاہدے کے مطابق شیوسینا (یو بی ٹی) 3 اور کانگریس ایک نشست پر اپنے امیدوار اتارے گی۔ پہلے ادھوسینا نے تمام 4 سیٹوں پر اپنے امیدوار اتارے تھے، جس کے بعد کانگریس نے 2 سیٹوں سے امیدواری واپس لینے کا مطالبہ کیا تھا، تاہم ادھوسینا نے ایک سیٹ سے امیدوار واپس لینے پر رضامندی ظاہر کی ہے۔ نئی قواعد کے مطابق ممبئی ٹیچرس حلقے میں ادھوسینا کے سچے مواجسا کر، ممبئی گریجویٹ حلقہ سے ادھوسینا کے انیل پرب، ناسک ٹیچرس حلقے سے ادھو سینا کے سندیپ کولوے جبکہ کوکن گریجویٹ حلقہ سے کانگریس کے رمیش کیر مقابلہ کریں گے۔ ادھوسینا نے پہلے اس سیٹ پر کشور جین کو اتارنے کا اعلان کیا تھا تاہم کانگریس کی جانب سے ناراضگی ظاہر کے جانے کے بعد ادھوسینا نے کشور جین کا نام واپس لے لیا ہے اور کانگریس نے اس سیٹ پر اپنا امیدوار اتارا ہے۔ اس منفے قاعدے کے بعد اہم وی اے چاروں سیٹ پر جیت کا دعویٰ کررہی ہے۔ قانون سازکونسل کی 4 نشستوں کے لیے 26 جون کو ووٹ ڈالے جائیں گے اور یکم جولائی کو انتخابی نتائج کا اعلان کیا جائے گا۔

عید قرباں کے پیش نظر ممبئی امن کمیٹی میں پولیس کی میٹنگ

محمد جاوید شیخ

ممبئی: (ایس این بی) عیدالاضحیٰ کے موقع پر شہر میں امن وامان اور نظم ونسق کی برقراری یقینی بنانے کے مقصد سے ممبئی امن کمیٹی میں مسلم نمائندہ تنظیموں اور سوسائٹیوں کی ایک اہم میٹنگ کا انعقاد کیا گیا ہے۔ اس میٹنگ میں موجود تنظیموں کے نمائندوں نے نئی پولیس کو ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کروائی ہے۔ ممبئی امن کمیٹی کے سربراہ فریدشیخ نے بتایا کہ مذکورہ میٹنگ میں اپیل کی گئی ہے کہ عید قرباں کے موقع پر برادران وطن کے جذبات کا خیال رکھا جائے۔ مسلمان خون آلود کپڑے پہن کر باہر نکلنے، تیز دھار ہتھیاروں کی نمائش سے گریز کریں اور قربانی کے گوشت کی نقل و حمل کے دوران اسے سلیقے سے ڈھانپ لیں۔ اس کے علاوہ قربانی سے نکلنے والا فضلہ ادھر ادھر پھینکنے کے بجائے صاف صفائی کا خیال رکھیں۔ فریدشیخ نے بتایا کہ قربانی کے ایام کے دوران اگر سماج دشمن عناصر نظم ونسق کا مسئلہ پیدا کرتے ہیں تو اس کی اطلاع پولیس کو دی جانی چاہیے اور پولیس اس پر یقینی کارروائی کرے گی۔ ممبئی امن کمیٹی کے دفتر میں ہونے والی یہ میٹنگ ایم آر اے پولیس اسٹیشن کے سینئر انسپکٹر ستوش گھنٹا نے کی سربراہی میں منعقد کی گئی تھی، جس میں قربانی کے ایام کے تعلق سے خصوصی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ ممبئی پولیس کی جانب سے سینئر انسپکٹر گھنٹا نے اپیل کی کہ سوشل میڈیا پر ذبیحے کی تصاویر اور ویڈیو جاری کرنے سے گریز کیا جائے۔

عیدالاضحیٰ کے لیے تمام انتظامات مکمل، پولیس کمشنر کا دعویٰ

ممبئی: (محمد جاوید شیخ/ایس این بی) ممبئی پولیس نے عید قربان کے متناظر میں تمام انتظامات مکمل کرلیے ہیں۔ ممبئی پولیس کمشنر ویویک پھنسلکر نے ایک خصوصی ملاقات میں یہ دعویٰ کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ عیدالاضحیٰ کے لیے تمام پولیس اسٹیشنوں کو واضح ہدایات جاری کی گئیں ہیں تیز حساس علاقوں میں بندوبست میں اضافہ کیا گیا ہے۔ پولیس کمشنر نے کہا کہ ممبئی یقین ہے حسب سابق شہر کے مسلمان عید قربان کے موقع پر پولیس محکمہ کے ساتھ تعاون کریں گے۔ جوائنٹ پولیس کمشنر (نظم ونسق) ستیہ نارائن چودھری نے دیونار مذبح خانے اور مذبح خانے کا دورہ کرتے ہوئے انتظامات کا جائزہ لیا ہے اور جانوروں کی نقل وحمل کے تعلق سے ہدایات جاری کی ہیں۔ پولیس کمشنر نے ذبیحے کے ویڈیوز اور تصاویر سوشل میڈیا پر ڈالنے سے گریز کی اپیل بھی کی ہے۔ ذبیحے کی تصاویر اور ویڈیو سوشل میڈیا پر ڈالنے سے فرقہ وارانہ کشیدگی کے پھیلنے کا خدشہ ہوسکتا ہے، چنانچہ اس سے گریز کا زیر ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پولیس سماج دشمن عناصر کے خلاف مستعد ہے اور قوی بھی قانون ہاتھ میں لینے کی کوشش کرتا ہے تو اس کے خلاف یقینی کارروائی کی جاے گی۔ پولیس کمشنر نے بتایا کہ گزشتہ سال دیونار مذبح خانے سے گوشت کی نقل وحمل کے لیے پولیس نے فری وے سے ٹیمپو گزارنے کی ہدایت دی تھی۔ یہ کی تھی، جس میں قربانی کی عوام پر بھی عائد ہوتی ہے کہ وہ کسی کی دل آزاری کا سبب نہ بنتے ہوئے پولیس محکمہ کے ساتھ تعاون کی راہ اختیار کریں۔ پولیس کمشنر نے یقین دلایا کہ ایک لوک سبھا الیکشن کے دوران پولیس سے تعاون کرنے والے عوام عید قربان کے موقع پر بھی تعاون کی راہ اختیار کریں گے۔ ساتھ ہی انہوں نے امتناع بھی دیا ہے کہ ممبئی کے پرامن ماحول کو شرپسند اثر تنوں سے نقصان پہنچانے کی کوشش کرنے والوں کے ساتھ پولیس سختی سے پیش آئے گی۔

بھاگوت کے تبصرے کے بعد راوت کا بی جے پی پر نشانہ

کیا بی جے پی میں موجود سنگھ کے لوگ نریندر مودی۔ امیت شاہ کی آمریت کے خلاف بغاوت کریں گے؟

ممبئی: (ایجنسی) آر ایس ایس کے سربراہ موہن بھاگوت کی جانب سے انا کو پروان نہ چڑھانے کی نصیحت کے بعد شیوسینا (یو بی ٹی) نے بی جے پی کو نشانہ بنایا ہے۔ پارٹی کے راجیہ سبھا رکن سنجے راوت آر ایس ایس سربراہ کے خطاب پر بی جے پی کو نشانہ بنایا ہے، وہیں دوسری طرف انہوں نے آر ایس ایس سے دریافت کیا ہے کہ کیا سنگھ سے وابستہ لیڈران مودی۔ شاہ کے خلاف بغاوت کریں گے جنہوں نے تکبر کی ساری حدیں پار کردی ہیں۔ راوت نے کہا کہ سنگھ سے وابستہ رہنے والے متن گڈکری اور شیواج سنگھ چوہان جیسے لیڈران بی جے پی میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ کیا وہ ان لوگوں کے خلاف بغاوت کریں گے جو سنگھی بات نہیں سنتے ہیں۔

راوت نے مزید کہا کہ آج کی بی جے پی میں آر ایس ایس کی بات نہیں سنی جاتی ہے۔ سنگھ نے تو یہاں تک کہہ دیا تھا کہ شیوسینا کے ساتھ اتحاد ختم نہیں کیا جانا چاہیے، تاہم حقیقت میں کیا ہوا ہے۔ بی جے پی نے مہاراشٹر میں پہلے شیوسینا اور پھر این سی پی کو بھی توڑ دیا ہے۔ میں کل سرسنگھ چالک کو سن رہا تھا جنہوں نے کہا کہ سرکاری ملازم میں انا نہیں ہونی چاہیے۔ مودی اور شاہ نے انا کی تمام حدیں پار کردی ہیں اور آرایس ایس بھی انا کا شکار ہوگئی ہے۔ کیا آپ میں بغاوت کی ہمت ہے، آپ کے لوگ بی جے پی میں بیٹھے ہیں، کیا وہ مودی اور شاہ کے خلاف بغاوت کریں گے۔ صرف باتیں کرنے سے کیا ہوگا۔

راوت نے کہا کہ سنگھ کے بہت سے لوگ بی جے پی میں ہیں اور خاموش بیٹھے ہیں۔ مرکزی وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کے سنگھ کے ساتھ اچھے تعلقات ہیں۔ سنگھ سربراہ نے یہ بھی کہا تھا کہ جنہوں نے عوامی خدمت کا وعدہ ہوتا ہے جس میں انا نہ ہو۔ دوسری جانب مودی اور شاہ کی آمریت جاری ہے، بہت کوشش ہورہی ہے۔ سنگھ کو یہ دیکھنا چاہیے۔ راوت نے کہا کہ گزشتہ 10 سالوں میں بی جے پی کی اعلیٰ قیادت نے آر ایس ایس کو پسماندہ کردیا ہے۔

بارا ورپب میں منشیات سپلائی کرنے والے 2 افراد گرفتار

ممبئی: (ایجنسی) بیئر باروں اور پب میں ایم ڈی سپلائی کرنے کے الزام میں ڈی ممبئی پولیس کی اینٹی نارکوٹکس سیل نے دو افراد کو گرفتار کیا ہے۔ ملزمین کی شناخت جتیندر دیبناتھ گپتا (48) اور بھوپیندر بہرا چند کھنڈیلوال (41) کے طور پر ہوئی ہے جو بالترتیب اسکریپ ڈیلر اور پراپرٹی ڈیلر کے طور پر کام کرتے ہیں۔ اے این سی کے مطابق گپتا ایک ہسٹری شیٹر ہے جو سال 2018 سے منشیات کے کاروبار سے وابستہ ہے جبکہ کھنڈیلوال گزشتہ ایک سال سے منشیات کے کاروبار میں سرگرم ہے۔ اے این سی کو ان کی نقل وحرکت کی اطلاع ملی تھی جس کے بعد بدھ کی صبح انہیں کوپری سگنل کے پاس سے 131 گرام ایم ڈی کے ساتھ گرفتار کیا گیا ہے جس کی مالیت 13 لاکھ کے آس پاس بتائی گئی ہے۔ ملزمین کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔

ملاڈ: بٹر اسکاچ آئس کریم سے برآمد ہوا انسانی انگلی کا حصہ

نوجوان ڈاکٹر کی شکایت پر آئس کریم بنانے والی کمپنی کیخلاف مقدمہ درج، انگلی فارنس جانچ کے لیے روانہ

ممبئی: (ایجنسی) ممبئی کے نواحی علاقہ ملاڈ میں آئن لائن آرڈر سے منگوائی گئی آئس کریم سے انسانی انگلی برآمد ہونے کے بعد ایک نوجوان نے پولیس سے رجوع کیا ہے۔ اس سلسلے میں ملاڈ پولیس نے آئس کریم بنانے والی کمپنی کے خلاف مقدمہ درج کرتے ہوئے آئس کریم اور اس میں سے برآمد ہوئی انگلی کو فارنسک جانچ کے لیے بھیج دیا ہے۔ ملاڈ پولیس اسٹیشن کے ایک اہلکار نے یہ اطلاع دی ہے۔

تفصیلات کے مطابق ملاڈ کے رہائشی برینڈن سیرا (27) نے بدھ کے روز آن لائن ڈیلیوری پلیٹ فارم سے کھانے کیلئے آئس کریم منگوائی تھی۔ برینڈن کے مطابق اس کی بہن بدھ کی صبح ایک آن لائن پلیٹ فارم سے گرمیری کا آرڈر دے رہی تھی، اسی وقت اس نے گرمیری میں 3 بٹر اسکاچ آئس کریم شامل کرنے کیلئے کہا تھا۔ آئس کریم کی ڈیلیوری ہوئی اور برینڈن نے ایک آئس کریم کھانے کا قصد کیا تو اس میں سے 2 سینٹی میٹر کی انسانی انگلی برآمد ہوئی ہے۔ برینڈن پیشے سے ایک ایم بی بی ایس ڈاکٹر ہے اور اس نے فوری طور پر اس سلسلے میں ملاڈ پولیس اسٹیشن سے رجوع کیا ہے۔ اپنی شکایت میں اس نے بتایا کہ وہ آدھی سے زیادہ

آئس کریم کھا چکا تھا، اس کے بعد اسے احساس ہوا کہ آئس کریم میں کچھ خمیر معمولی ہے، جو بعد میں انگلی کی صورت میں ظاہر ہوا تھا۔

اس سلسلے میں ملاڈ پولیس نے آئس کریم کمپنی کے خلاف مقدمہ درج کرکے آئس کریم کو جانچ کے لیے بھیج دیا ہے اور آئس کریم میں ملنے والی انسانی انگلی کو فارنسک کے لیے بھیج دیا گیا ہے۔ ممبئی پولیس کے ڈی سی پی زون 11 آنند بھونے نے کہا کہ ہم نے جمعرات کے روز آئی پی سی کی دفعات 272، 273 اور 336 کے تحت ذمہ داروں کے خلاف ایف آئی آر درج کی ہے۔ اس معاملے کی تفتیش کی جا رہی ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ جس جگہ پر آئس کریم بنائی اور پیک کی گئی تھی اس کی بھی تلاشی لی جائے گی۔

نام کے غیر قانونی استعمال کے خلاف کورٹ پہنچے کرن جوہر

ممبئی: (ایجنسی) معروف فلم ساز وہدایت کار کرن جوہر نے فلم شادی کے ڈائریکٹر کرن اور جوہر کے فلم سازوں کے خلاف ہائی کورٹ سے رجوع کیا ہے۔ مذکورہ فلم 14 جون یعنی آج ریلیز ہونے والی ہے۔ اپنی درخواست میں کرن جوہر نے کہا کہ فلم کے پروڈیوسر اور مصنف نے فلم کے ٹائٹل کے لیے ان کے نام کا استعمال کیا ہے، جس پر روک لگائی جانی چاہیے۔ بدھ کو جسٹس ریاض چھاگلہ کی سنگل بنچ کے سامنے اس مقدمہ کا ذکر کیا گیا تھا اور عدالت نے کہا کہ وہ جمعرات کو درخواست پر سماعت کرے گی۔ جوہر نے واضح کیا کہ ان کا اس فلم سے اور فلم بنانے والوں سے کوئی تعلق نہیں ہے اور اس صورت میں فلم کیلئے ان کے نام کا استعمال غیر قانونی ہے۔ جس سے ان کی شخصیت کے حقوق اور رازداری کے حق کی خلاف ورزی ہوئی ہے۔

فیئر پلے ایپ کے 19 احاطوں پر ای ڈی کے چھاپے

ممبئی: (ایجنسی) مرکزی ایجنسی انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ (ای ڈی) نے بدھ کے روز آن لائن بیٹنگ پلیٹ فارم فیئر پلے سے وابستہ 19 احاطوں کی تلاشی لی ہے۔ یہ احاطے ممبئی اور پونے میں ہیں۔ ای ڈی کے مطابق فیئر پلے ایپ پر انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) 2023 کے میچوں کی غیر مجاز اسٹریمنگ اور لوک سبھا انتخابات کے نتائج سمیت مختلف آن لائن بیٹنگ سرگرمیوں میں ملوث تھا۔ تلاشیوں کے دوران 8 کروڑ روپے کی منقولہ اثاثہ جات جیسے نقدی، بینک فنڈز، ڈیمیٹ اکاؤنٹ ہولڈنگز اور لگژری گھڑیاں ضبط کی گئی ہیں۔ بیٹنگ پلیٹ فارم ممبئی پرای ڈی کا کریک ڈاؤن ملزم کمپنی کے خلاف پی ایم ایل ایکٹ کے تحت درج کے بعد ہوا ہے۔

مالونی: ٹی وی شو پروڈیوسر کیخلاف دھوکہ دہی کا مقدمہ درج

ممبئی: (ایجنسی) ممبئی کی مالونی پولیس نے دوردرشن کے ٹی وی شو جے بھارتی' کے پروڈیوسر کے خلاف 75 لاکھ روپے کے فراڈ کے معاملے میں مقدمہ درج کیا ہے۔ یہ ایف آئی آر ملاڈ کے رہائشی پون بیرا گرا (64) کی شکایت پر درج کی گئی ہے جو پیشے سے بلڈر ہے۔ شکایت کنندہ کے مطابق اس نے مذکورہ آئی لینڈ میں اپنا پی ڈبلیو بنگلہ اسٹیٹ ایجنٹس اور دیگر افراد کو شوٹنگ کے مقاصد کے لیے کرائے پر دے رکھا ہے۔ نومبر 2023 میں ملزم ہیش پانڈے نے اس سے رابطہ کیا اور شوٹنگ کے مقاصد کے لیے بنگلہ کرایہ پر لینے کے لیے 1.05 لاکھ پولیس جی ایس ٹی کی پیشکش کی تھی۔ سکورٹی ڈپازٹ کے طور پر پانڈے نے بیرا گرا کو کل 54.6 لاکھ روپے کے چیک ادا کیے تھے۔ ایف آئی آر کے مطابق بنگلہ 28 نومبر 2023 سے 27 فروری 2024 کے درمیان کی مدت کے لیے کرائے پر دیا گیا تھا۔ تاہم پانڈے کرایہ کی پوری رقم ادا کرنے میں ناکام رہا تھا۔

ایم وی اے اسمبلی انتخابات میں کامیابی حاصل کرسکتی ہے

ریاستی کانگریس کے سربراہ نانا پٹولے کا دعویٰ، تمام 288 اسمبلی نشستوں پر تنظیم سازی پر دی جائے گی توجہ

ممبئی: (ایجنسی) لوک سبھا انتخابات کی گرد بیٹھنے کے بعد کانگریس کے ریاستی صدر نانا پٹولے نے واضح کیا کہ مہاراشٹر میں بی جے پی کو اقتدار سے دور رکھنے کے لیے کانگریس تمام 288 ودھان سبھا سیٹوں پر تنظیم سازی پر توجہ دے گی۔ انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ مہاوکاس آگھاڑی 4 سے 5 ماہ بعد ہونے والے ریاستی اسمبلی کے الیکشن میں کامیابی حاصل کرسکتی ہے۔

نانا پٹولے نے مزید کہا کہ ایم وی اے میں اسمبلی نشستوں کی تقسیم میرٹ کی بنیاد پر کی جائے گی اور کانگریس پارٹی ایم وی اے کے حصے کے طور پر لوک سبھا الیکشن میں اترنے والی ہے۔ پٹولے نے کہا کہ لوک سبھا انتخابات کے دوران کانگریس نے تمام 48 سیٹوں پر تنظیم سازی کی تھی۔ جس نے لوک سبھا الیکشن میں اچھے نتائج دیے اور ایم وی اے کی اتحادی جماعتوں کو فائدہ پہنچایا ہے۔ بی جے پی کو حکومت سے باہر رکھنے کی ضرورت ہے۔ بی جے پی نے کسانوں کے نام پر کئی پالیسیاں بنائیں اور کروڑوں روپے لوٹے ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے بغیر ٹینڈر طلب کیے ڈی بی ٹی پالیسی سے سامان خرید کر پیسہ لوٹا ہے۔ مہایوتی کے پاس کسانوں کو دینے کے لیے پیسے نہیں ہیں لیکن کسانوں کے نام پر لوٹ مار کی جارہی ہے۔ پی ڈبلیو ڈی کی زمینوں کو رمن پر رکھ کر قرض حاصل کیا جاتا ہے۔ ہم ودھان سبھا کے اجلاس میں ان تمام سوالات کو شدومد کے ساتھ اٹھائیں گے۔



پٹولے سے این سی پی لیڈر چھگن بھجبل کی بے چینی کی بابت دریافت کیا گیا تو انہوں نے کہا کہ بی جے پی نے ہمیشہ او بی سی کو نظر انداز کیا ہے۔ بی جے پی کے قریب آنے پر او بی سی کو نشانہ بنایا جاتا ہے۔ ہم سب دیکھ چکے ہیں کہ انہوں نے کوبی ناتھ منڈے کے ساتھ کیا کیا تھا۔ بھجبل کو بی جے پی نے جیل بھیج دیا تھا اس وقت وہ چوتھے نمبر تھے اب بی جے پی میں شامل ہونے کے بعد دوبارہ سے سنت بن گئے ہیں۔ بی جے پی کو او بی سی کے ووٹوں کی ضرورت ہے لیکن وہ او بی سی کو پسند نہیں کرتی ہے۔ اس دوران پٹولے نے 24 لاکھ طلبا کو نقصان پہنچانے والے مینیجنٹ امتحان گھوٹالے کی سی بی آئی جانچ کا مطالبہ کیا ہے۔

فرضی سی اے کا بی ایم سی ٹھیکے دار کے ساتھ 1.3 کروڑ کا فراڈ

کمپنی کے جی ایس ٹی رجسٹریشن کے نام پر ہوئی کروڑ کی دھوکہ دہی، قلابہ پولیس میں معاملہ درج، مزید تحقیقات جاری

ممبئی: (ایجنسی) بی ایم سی کے ساتھ کام کرنے والے قلابہ کے ایک 35 سالہ ٹھیکے دار کے ساتھ 1.3 کروڑ روپے کی دھوکہ دہی کے الزام میں ایک فرضی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ کے خلاف قلابہ پولیس اسٹیشن میں مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ ملزم نے مبینہ طور پر متاثرہ شخص کے کاروباری مقاصد کے لیے جی ایس ٹی رجسٹریشن بنانے میں مدد کے نام پر چعلی بینک اکاؤنٹس بنائے تھے اور قم منتقل کرلی تھی۔ اس معاملے میں شکایت کنندہ بے کمار شاہ دھانی ہے جو اپنے بھائی دیپک دھانی کے ساتھ سال 2018 سے بی ایم سی میں ٹھیکے دار کے طور پر کام کررہا ہے۔

بے کمار کے مطابق وہ اپنے بھائی دیپک کے ساتھ مل کر اپنی کمپنی شروع کرنے کا منصوبہ رکھتا اور اس کمپنی کو جی ایس ٹی ڈپارٹمنٹ میں رجسٹرڈ کروانے کے لیے اپنے ایک دوست کے توسط سے آفتاب میمن نامی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ کے رابطے میں آیا تھا۔ میمن نے بے کمار سے چین کارڈ، لائٹ بل اور راشن کارڈ طلب کیا تھا جو بے کمار نے سمجھ بند عاقدہ میں واقع میمن کے آفس میں پہنچایا تھا۔ بعد میں میمن نے بے کمار کو پھر اوٹی پی بھیجے تھے اور جی ایس ٹی رجسٹریشن فیس کے طور پر رقم کا مطالبہ کیا تھا۔

شکایت کنندہ کے مطابق اپریل 2023 میں وہ کرنا کے ساتھ اپنے آفیا شہر میں تھا، اسی دوران بی ایس ٹی محکمہ نے قلابہ میں واقع اس کی رہائش گاہ پر سمن بھیجتے ہوئے انہیں طلب کیا تھا۔ سمن پر جے کمار کمبھی میں جی ایس ٹی ہیڈ کوارٹر پہنچا جہاں اسے بتایا گیا کہ اسے 1.3 کروڑ کی رقم جرمانے کے مد میں ادا کرنی ہوگی۔ جی ایس ٹی محکمہ نے بتایا کہ اس کی جی ایس ٹی نمبر ایک مختلف ای میل آئی ڈی اور فون نمبر کے ساتھ رجسٹرڈ ہے، جسے غیر قانونی مقاصد کے لیے استعمال کیا گیا ہے۔

بے کمار کے مطابق اس انکشاف کے بعد اس نے آفتاب میمن سے ملاقات کرنے کی کوشش کی لیکن وہ کہیں نہیں مل سکا تھا۔ اسی دوران میمن کے والد فتح محمد سے ملاقات ہوئی جنہوں نے بے کمار کو بتایا کہ وہ اپنے بیٹے کے ساتھ رابطے میں نہیں ہیں۔ مزید انکشاف ہوا کہ وہ دھوکہ دہی کے لیے خود کوئی اسے کے طور پر پیش کرتا ہے اور اس طریقے سے اس نے کئی لوگوں کو اپنا نشانہ بنایا ہے۔

آربی آئی سے کرنسی بدلنے والوں کو لوٹنے کی سازش بے نقاب

منی ایکسچینج ایجنسی کیلئے کام کرچکی خاتون سمیت 4 افراد گرفتار، ممبئی ونواح میں معمر شہریوں کو بناتے تھے نشانہ

ممبئی: (ایجنسی) ممبئی کرائم برانچ کے یونٹ نمبر 6 نے ایک 34 سالہ خاتون سمیت 3 افراد کو ریزرو بینک آف انڈیا سی بی ڈی بیلاپور میں 2 ہزار روپے کے نوٹ تبدیل کرنے کیلئے آئے لوگوں کو لوٹنے کے الزام میں گرفتار کرلیا ہے۔ اس معاملے کی کلیدی ملزم یاسمین کھوکھر (34) پہلے منی ایکسچینج ایجنسی میں کام کرتی تھی۔ دیگر کی شناخت عرفان خان (24)، پرھا کرن اساری (29) اور اشفاق شیخ (19) کے طور پر ہوئی ہے۔

تفصیلات کے مطابق یہ معاملہ 6 جون کو سامنے آیا جب ایک بزرگ خاتون نے پولیس سے رابطہ کرتے ہوئے شکایت کی کہ وڈالا کے قریب رابل کمرشل سی سے ان کا بیگ چھیننے کی کوشش کی ہے۔ اس بیگ میں وہ رقم موجود تھی جو



خاتون نے آر بی آئی سے 2 ہزار کے نوٹ تبدیل کرنے کے بعد حاصل کی تھی۔ اس شکایت پر سینئر انسپکٹر مہادیو نمبالکر نے انسپکٹر لیلا دھر پاٹل، پی ایس آئی اونا تاڑ دیرے، اے پی آئی انا صاحب گاڈیکر اور پی ایس آئی یوگیش گھرت پر مبنی خصوصی ٹیم تشکیل دی اور اسے شکایت کی جانچ کا ذمہ سونپا تھا۔

پولیس ٹیم نے تحقیقات کے دوران سی سی ٹی وی فوٹیج پر انحصار کیا جس میں ایک فوٹیج میں شکایت کنندہ خاتون سے بیگ چھینے کی کوشش قید ہوئی تھی۔ فوٹیج میں نظر آنے والے شخص کو پولیس نے بیلاپور سے وڈالا تک اسکین کیا اور اس میں انکشاف ہوا کہ 3 افراد شکایت کنندہ خاتون کا تعاقب کرتے ہوئے بیلاپور سے وڈالا تک آئے تھے اور ان میں سے ایک بیلاپور میں بینک کے باہر اسٹینڈ بائی پر تھا۔ پولیس نے 24 گھنٹوں کے اندر تینوں کو گرفتار کرلیا ہے۔ ان سے پوچھ تاچھ میں انکشاف ہوا کہ منی ایکسچینج ایجنسی میں کام کرنے والی خاتون یاسمین کھوکھر نے سنگین مالی صورتحال کا سامنا کرنے کے بعد اس واردات کی منصوبہ بندی کی تھی۔ پولیس نے کہا کہ ملزمین کے خلاف ممبئی اور نومبئی ممبئی میں اسی طرح کے طریقہ کار کے ساتھ تین سے چار اور کیس درج ہیں۔

کیا اموں مکتری اجیت پوار کے بنگلہ کے ٹیلی فون آپریٹر ہیں؟

نائب وزیر اعلیٰ کو فون کرنے کے دعویٰ پر بھڑکے شرد پوار گروپ کے نومنتخب رکن پارلیمان بجرنگ سونا ونے

ممبئی: (ایجنسی) شرد پوار کی قیادت والی این سی پی کے نومنتخب رکن پارلیمان بجرنگ سونا ونے نے نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار کے ساتھ رابطے کے دعویٰ کو سختی سے مسترد کیا ہے۔ سونا ونے ان 8 اراکین پارلیمان میں سے ایک ہیں جنہوں نے این سی پی (ایس پی) سے بہ امکاس اگھاڑی کے امیدوار کے طور پر لوک سبھا الیکشن میں کامیابی حاصل کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر این سی پی (ایس پی) سے الیکشن جیتنے کے بعد وہ کسی اور سے رابطے میں رہتے ہیں تو عوام ان کی پٹائی کردیں گے۔ واضح ہو کہ این سی پی لیڈر امول متکری نے دعویٰ کیا تھا کہ بجرنگ سونا ونے الیکشن جیتنے کے بعد نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار کو فون کیا تھا۔

متکری کے دعوے کی تردید کرتے ہوئے بجرنگ سونا ونے نے کہا کہ کیا متکری اجیت پوار کے بنگلے کے ٹیلی فون آپریٹر ہیں۔ اگر مجھ جیسا رکن پارلی